© rasailojaraid.com



نے بھی اس ظلم میں اپنا حصّہ ڈالا۔ آج بلوچستان میں پیدا کی جانے والی بے چینی کے محرکات بھی اس کتاب میں ظاہر ہیں اور خود افغانستان میں رونما ہونے والی مزاحمت کے آثار بھی پڑھے جاسکتے ہیں۔(سلیم منصور خالد)

**یہ قدم قدم بلائیں**، عامر عثمانی ۔ مرتب: حسن احمد صدیقی ۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، ڈی - ۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی ۔ صفحات: ۱۷۶ ۔ قیمت: درج نہیں۔

عامر عثمانیؒ (امین الرحمٰن عامر ۱۹۲۰ء - ۱۹۷۵ء) مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کے برادرزادے تھے۔ ماہنامہ تجلّی کے مدیر کی حیثیت سے ان کا نام محتاجِ تعارف نہیں۔ وہ ایک بے باک صحافی، پختہ قلم نگار اور منفرد طنز نگار کے علاوہ عمدہ شاعر بھی تھے۔

یہ قدم قدم بلائیں ان کی نظموں اور غزلوں کا دوسرا مجموعہ ہے۔ اس سے پہلے حفیظ جالندھری کے انداز میں ان کی ایک کتاب شاہنامہ اسلام، جدید منظرعام پر آچکی ہے۔

یہ مجموعہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں ۴۵ غزلیں اور دوسرے حصے میں ۲۲ نظمیں شامل ہیں۔ آخر میں مختلف موضوعات پر خاصی تعداد میں قطعات بھی موجود ہیں۔ ان کی غزل ہو یا نظم، ہر جگہ ان کی دینی سوچ اور پاکیزہ خیالات بولتے سنائی دیتے ہیں۔ ان کے قلم کی روانی کے ہمراہ ان کا منطقی اندازِ فکر ہر کہیں جلوہ گر نظر آتا ہے۔ قومی شاعری کے ضمن میں ان کا کلام ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔ بعد از مرگ ان کی شاعری کے مجموعے کی یہ اشاعت ان سے مولانا حسن احمد صدیقی کی محبّت اور ان کے دیگر نیازمندوں کی عقیدت کا ایک کھلا ثبوت ہے۔ کتاب کے شروع میں مولانا عامر عثمانی کی وفات پر مولانا ماہر القادری کا لکھا مضمون بھی کتاب میں شامل ہے جو خاصے کی چیز ہے۔(سعید اکرم)

**اقبال کا اردو کلام**، پروفیسر ڈاکٹر ایوب صابر۔ ناشر: مقتدرہ قومی زبان، پطرس بخاری روڈ، ایچ ۸/۴، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۹۸۔ قیمت: ۱۲۵ روپے۔

بڑی شخصیات اپنے بہت سے مداحوں کے ساتھ چند معاندین اور مخالفین بھی پیدا کرتی ہیں۔

© rasailojaraid.com